www.KitaboSunnat.com

سعید مجتبیٰ السعیدی

تبصرۂ کُتب!

صلوٰۃ الرسول : مولینا حکیم محمد صادق صاحب سیالکوٹی مرحوم ومغفور

تخریج وتعلیق وحواشی : مولینا حافظ عبدالرؤف صاحب حفید مولینا حکیم محمد اشرف صاحب سندھو مرحوم ومغفور

صفحات : ۵۴۸ قیمت : ۱۰۰ روپیہ

ناشر : دارالاشاعت اشرفیہ، سندھو، بلوکی ضلع قصور

تاریخ اشاعت : جنوری ۱۹۸۹ء طبع : اوّل

اردو زبان میں نماز کے موضوع پر چھوٹی، بڑی، مختصر اور مفصّل اس قدر کتب لکھی گئی ہیں کہ ان کا شمار ناممکن ہے۔ مگر جس کتاب کو سب سے زیادہ شرفِ قبولیت حاصل ہوا وہ معروف اہل قلم مرحوم ومغفور حضرت مولانا حکیم محمد صادق سیالکوٹی رَحِمَهُ اللهُ رَحْمَةً وَّاسِعَةً وَّسَقَى اللهُ ثَرَاهُ وَجَعَلَ الْجَنَّةَ مَثْوَاهُ۔ (امین) کی ترتیب دادہ کتاب "صلوٰۃ الرسول" ہے۔ یہ کتاب اپنے موضوع پر سب سے زیادہ جامع اور مفصّل ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اس کی خوبی یہ ہے کہ اس کی زبان بڑی سادہ اور عام فہم ہے، جیساکہ مولینا مرحوم کی تحریر کا انداز تھا۔

یہ کتاب اتباعِ سنّت کی اہمیت، نماز کی فرضیت واہمیت، مسائلِ طہارت، وضو اور غسل کے مسائل، وضو، تیمم، آدابِ مساجد کے علاوہ نماز کے تفصیلی احکام پر مشتمل ہے۔ فرضی نماز کے علاوہ کتاب میں نمازِ تہجد، تراویح، جمعہ، نماز قصر، عیدین، کسوف اور چاند گرہن کی نماز، نمازِ جنازہ کے احکام بھی تفصیل سے ذکر کئے گئے ہیں۔ آخر میں مسنون دعائیں بھی ہیں۔

گویا یہ کتاب مسائلِ نماز پر ایک انسائیکلوپیڈیا ہے کہ انسان مختصر وقت میں مختلف کتابوں کی ورق گردانی کرنے کی بجائے ایک ہی کتاب سے ضرورت کے مسائل جامعیت اور اختصار کے ساتھ معلوم کرسکتا ہے۔

جب سے مصنف نے یہ کتاب لکھی اس وقت سے اب تک کتنی تعداد میں یہ کتاب طبع ہوئی، اور کتنے لوگوں نے اس کے ذریعہ نہ صرف اپنی نمازوں کو درست کیا بلکہ بہت سوں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے اسی کتاب کو پڑھ کر مسلک حقہ اہلحدیث کی طرفداری پائی۔ ان امور کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔
کتاب کی اس قدر خصوصیات اور جامعیت کے باوجود اس میں ایک کوتاہی رہ گئی تھی۔ کہ ہندو پاک کے عوامی ذہن کے مطابق کتاب میں احادیث کو صحت و ضعف کے فیصلہ کے بغیر ذکر کیا گیا تھا۔ کتاب میں ذکر کردہ احادیث میں سے کئی ایک ضعیف اور اُن کے راوی مجروح اور متکلم فیہ تھے۔

مصنف ایک بلند پایہ عالم دین ہونے کے باوجود نہ معلوم کیوں اس طرف توجہ نہ دے سکے۔

اصحابِ علم بوقتِ ضرورت کتاب سے استفادہ کرنے کے باوجود احادیث کی تخریج و تحقیق کی کمی کو شدت سے محسوس کرتے تھے۔

چنانچہ یہ سعادت ہمارے محترم برادر فاضل نوجوان مولانا حافظ عبدالرؤف صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی کے حصہ میں آئی۔ انھوں نے کمر ہمت باندھی اور اس کتاب کی احادیث کی نہ صرف تخریج کی بلکہ مفید اسنادی مباحث بھی رقم فرمائے۔ اس سے کتاب کی افادیت کئی گنا بڑھ گئی ہے۔

مولینا موصوف جماعت کے مرحوم بزرگ مولینا حکیم محمد اشرف سندھو رحمہ اللہ کے پوتے ہیں۔ مرحوم حکیم صاحب ایک پختہ کار مناظر قسم کے عالم تھے۔ اُن کی تصانیف سے آج بھی ہم جیسے ہیچمداں مستفید ہو کر ان کے حق میں بلندئ درجات کی دعائیں کرتے ہیں۔

دادا کی طرح پوتے نے بھی علمی میدان میں قدم رکھا ہے۔ یہ اگرچہ آن کی پہلی علمی کاوش ہے تاہم اس میں وہ ماشاء اللہ انتہائی کامیاب رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ اُن کی محنت کو قبول فرمائیں اور دین کی مزید خدمت کی توفیق سے نوازیں۔
آمین!

ہم حافظ صاحب موصوف کے لئے علم و عمل میں برکت کی دُعا کے ساتھ کتاب کی افادیت و اہمیت کے پیش نظر علماء و طلباء سے سفارش کرتے ہیں کہ "صلوٰۃ الرسول" کا مطالعہ کرتے کراتے وقت کتاب کا یہ محقق نسخہ سامنے رکھ کر احادیث سے متعلقہ مباحث سے بھی مستفید ہوں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ